PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/1761 تاریخ: 01 نومبر 2024

محترم سکول مالک (FAS,EVS, NSP)

عنوان: SIS میں موجود بچوں کے کوائف کی درستگی (Data Correction of Students in SIS) کی تاریخ میں توسیع

السلام علیکم!

بحوالہ سرکلر PEF/EVS/CIR/1720 بتاریخ 23 اکتوبر 2024، چند اسکولوں میں "NADRA Not Verified" اور "Need Further Verification" والے طالب علم کا نام، ب فارم نمبر، تاریخ پیدائش، والد/سرپرست کا نام اور شناختی کارڈ نمبر 31 اکتوبر، 2024 تک درست کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ تاہم پارٹنر سکولز کی درخواستوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے پیف انتظامیہ نے طلباء کے کوائف کی درستگی کی تاریخ میں **07 نومبر 2024** تک توسیع کر دی ہے۔

اس ضمن میں تمام پارٹنر سکولوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ لف شدہ سرکلر میں دی گئی ہدایات کے مطابق مذکورہ نوعیت کے طلباء کے کوائف کو مورخہ **07 نومبر 2024** تک درست کر لیں۔ واضح رہے کہ آخری تاریخ کے بعد کسی کوائف میں کوئی تبدیلی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/EVS/CIR/ 1720 تاریخ: 23 اکتوبر 2024

محترم سکول مالک (FAS,EVS, NSP)

عنوان: SIS میں موجود بچوں کے کوائف کی درستگی (Data Correction of Students in SIS)

السلام علیکم!

حالیہ ایڈمیشن پالیسی 25-2024 میں داخل کئے گئے طلباء کے نادرا ویریفیکشن اور ان طلباء کے SIS ویریفیکیشن کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ چند اسکولوں میں کچھ طلباء کے کوائف کی درستگی کی ضرورت ہے۔ اس ضمن میں مندرجہ ذیل ریکارڈ کو درست کرنے کی اجازت دی جارہی ہے؛

1. ایڈمیشن پالیسی 25-2024 کے تحت داخل کئے گئے طلباء کے کوائف "ب" فارم کے مطابق نہ ہونے کی وجہ سے نادرا سے ویریفائی نہ ہو سکے۔ ایسے طلباء کے کوائف کو درست کرنے کی ضرورت ہے جو نادرا سے ویریفائی نہ ہو سکے۔
2. ایسے طلباء جو درج ذیل کوائف کی وجہ سے حالیہ مانیٹرنگ میں "Need Further Verification" میں رپورٹ ہوئے ہیں، ان کے کوائف کو SIS میں ٹھیک کرنے کی اجازت دی جارہی ہے۔ درج ذیل کوائف میں سے صرف ان کوائف کو SIS میں درست کیا جا سکتا ہے جس کی دورانِ SIS ویریفیکیشن پیف مانیٹر کی جانب سے نشاندہی کی گئی ہے۔

لہذا درج بالا دی گئی تفصیل کے مطابق ایسے طلباء کے درج ذیل ریکارڈ کو درست کرنے کی اجازت دی جارہی ہے؛

i. طالب علم کا نام
ii. طالب علم کا ب فارم نمبر
iii. تاریخ پیدائش
iv. والد/سرپرست کا نام
v. والد/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر

ایسے تمام بچوں کی لسٹ SIS میں آویزاں کر دی گئی ہے۔ تمام اسکول مالکان کو کوائف درستگی کی سہولت **31 اکتوبر 2024** تک میسر ہو گی۔ آخری تاریخ کے بعد کسی کوائف میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399